"امۃالحفیظ" نام کے متعلق وضاحت

مجیب: مولانا محمد فرحان افضل عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2909

تاریخ اجراء: 20 محرم الحرام 1446ھ / 27 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

امۃ الحفیظ کا معنیٰ کیا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

لفظِ "اَمَۃ" کا معنیٰ ہے: "بندی، کنیز وغیرہ۔" اور "حفیظ" اللہ عزوجل کے مبارک ناموں میں سے ایک نام ہے، جس کا معنیٰ ہے: "حفاظت فرمانے والا، نگہبان۔" دونوں کو ملا کر اس کا معنی بنے گا: "اللہ عزوجل کی بندی یا کنیز۔" جس طرح بچے کا نام عبد الحفیظ رکھنا جائز ہے، یونہی بچی کا نام "اَمَۃُ الحفیظ" رکھنا بھی جائز ہے۔ البتہ! عام بول چال کے اعتبار سے اس نام کے مشکل ہونے کی وجہ سے، لوگوں کا اسے بگاڑ دینا ممکن ہے، لہذا بہتر یہ ہے کہ کوئی آسان، اسلامی نام رکھ لیا جائے۔ بچی کا نام رکھنے میں بہتر یہ ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

المعجم الوسیط میں ہے "الامۃ: باندی، بندی، جیسے "یا امۃ اللہ" اے خدا کی بندی۔ (المعجم الوسیط، ص 54، مطبوعہ لاہور)

فیروز اللغات میں ہے "حفیظ: محافظ، نگہبان، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔ (فیروز اللغات، ص 571، فیروز سنز، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیھم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہارِ شریعت، جلد3، حصہ 15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net